یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!


JANUARY 2026
ABC Certified/CPNE Member

آفاقی معلومات کا علمبردار

GOLDEN YEARS 78
سالہ مسلسل اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

لاہور



2026ء
پاکستان کی خوشحالی اور ترقی!

سندھ بلوچستان میں انتشار؟

21

شرفِ مشتری کا سال

پاک بھارت جنگ کب؟

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

جلد نمبر 78 | JANUARY 2026 | شمارہ نمبر 10

بانی ادارہ محرم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سید محمد اذان علی زنجانی

شہزادہ سید علی حمزہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 18000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 18000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 20000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 25000 روپے

قیمت 200 روپے

سالانہ چندہ
نارمل ڈاک 2000 روپے
رجسٹرڈ ڈاک 2500 روپے

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — ماہنامہ جنتری — العربی تقویم

ایڈیٹر — شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی

سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی



کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660
بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ نزد حفیظ مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19 بی ٹی روڈ (مخلص روڈ)، بالمقابل بلال کلب/آرمی ہاؤس
PH: 051-8732742
051-8732764

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا




حمد

تری عنایات پر خدایا نگاہ سب کی لگی ہوئی ہے
تری عنایات کی بدولت سبھی کی بگڑی بنی ہوئی ہے
تو آسمان و زمین کا رب ہے، سبھی کو مولا تری طلب ہے
تری غلام ہی تیرے بندوں کو دو جہانوں کی خسروی ہے
تو حی و قیوم ہے الٰہی ہے چار سو تیری بادشاہی
تمام عالم ہے تیرا یا رب تو سارے عالم کی روشنی ہے
جو تیری قدرت کے ہیں مظاہر قدم قدم پر ہیں آشکارا
ترے کرشموں کی دھوم یارب زمانے بھر میں مچی ہوئی ہے
تری ہی تسبیح میں مگن ہے ذکر تیرا ہر ایک لب پر
ہے کوبہ کو کوئلوں کی ''کوکو'' چمن میں بلبل چہک رہی ہے
تری ثناء کون کر سکے گا قدم یہاں کون دھر سکے گا
مگر جسے بھی ہے تونے چاہا اسے یہ توفیق بخش دی ہے
یونہی رہے اس چشم رحمت قلم رہے اس کا وقف مدحت
کہ تیرا یامینؔ تو ہمیشہ ترے کرم ہی کا لکھتی ہے

نعت

از تحریر: ارباب نذیر احمد قادری

بچہ بچہ مسکرایا بارہویں کا چاند آیا
خوشیوں کا طوفان لایا بارہویں کا چاند آیا
شادمانی کے ترانے گونجتے ہیں دہر میں
وجد میں ہر شخص آیا بارہویں کا چاند آیا
روشنی ہی روشنی ہے چاندنی ہی چاندنی
ذرہ ذرہ جگمگایا بارہویں کا چاند آیا
ہو گئے ہیں بند سارے ظلمتوں کے باب آج
دہر میں وہ نور آیا بارہویں کا چاند آیا
کھل اُٹھیں کلیاں محبت کی گلوں پر ہے نکھار
باغِ اُلفت لہلہایا بارہویں کا چاند آیا
سازِ جاں پر بج رہا ہے ایک نغمہ بار بار
آمنہ کا لعل آیا بارہویں کا چاند آیا
شکر کرتے ہی رہو ربّ کا اُجاگر صبح و شام
ربّ کا کیسا فضل پایا بارہویں کا چاند آیا



تری مداح خواں ہر زباں غوثِ اعظمؓ
ترا نام مومن کی جاں غوثِ اعظمؓ
پناہ غریباں تیری ذاتِ والا
ترا گھر ہے دار الاماں غوثِ اعظمؓ
ترے جدِ امجد ہیں نورِ الٰہی
ہے نوری تیرا خاندان غوثِ اعظمؓ
ترے وعظ میں آ کے شاہِ عرب نے
بڑھالی تیری عز و شاں غوثِ اعظمؓ
ملے گی ہمیں تیرے دامن کے نیچے
دو عالم میں امن و اماں غوثِ اعظمؓ
ذرا صدق دل سے پکارو تو ان کو
ابھی جلوہ گر ہوں یہاں غوثِ اعظمؓ
جمیلؔ اب ہوں ساکت مقام ادب ہے
کہاں تیرا منہ اور کہاں غوثِ اعظمؓ




2026ء مفرد نمبر **1** ستارہ شمس عالمی اعلیٰ شخصیات بادشاہوں، صدور، وزراء اعظموں سے منسوب اسلامی ممالک ایران کے بعد قطر پر اسرائیلی حملوں نے مسلم اُمہ کو اپنی بقاء کی خاطر اکٹھے ہونے پر مجبور کر دیا۔ امریکہ، بھارت اور اسرائیل کا شیطانی اتحاد ثلاثہ نے غزہ (فلسطین) اور کشمیر میں قیامت صغریٰ کربلا بپا کر رکھی ہے۔ نیتن یاہو کے جنگی جرائم دہشت گردی اسکا عملی نمونہ **دوحہ** پر صیہونی جارحیت نے مسلم نیٹو کی بنیاد ڈال دی **15** ستمبر **2025**ء اسلام تعاون تنظیم کے **57** رکن ممالک کا اجلاس **15** ستمبر **دوحہ** میں ہوا۔ اسلامی تعاون تنظیم کے **57** رکن ممالک کا مشترکہ بیانیہ اگرچہ کمزور مگر تمام اسلامی ممالک کو احساس ہو چکا ہے کہ وہ پوری دُنیا میں صہیونیت کی شر انگیزی سے محفوظ نہیں **17 ستمبر 2025ء کو سعودی عرب اور پاکستان نے ایک اسٹریٹیجک دفاعی معاهدے پر دستخط کیے ہیں** ۔ اس معاہدے کے تحت اگر کسی ایک ملک پر جارحیت ہوتی ہے تو اسے دونوں ممالک پر جارحیت تصور کیا جائے گا، جس سے دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات اور بھی مضبوط ہوں گے۔ **اس معاهدے نے ہماری اہم پیش گوئی کو بھی درست ثابت** کیا جو ہم پاکستان کیلئے گزشتہ کئی سالوں سے کرتے چلے آرہے تھے۔ **19** سالہ دور اکبر زحل (مہادشا) **11** دسمبر **2024**ء تا **11** دسمبر **2043**ء تک رہیگی۔ **اس دور میں وطن عزیز پاکستان 2025ء سے ایک نئے روشن سفر کا آغاز کرے گا۔ ہم سب بحیثیت پاکستانی اسے پھلتا پھولتا دیکھیں گے۔ (زنجانی جنتری 2025ء صفحہ نمبر 41)** بحیثیت روحانی منجم ہم عالمی تناظر میں وطن عزیز پاکستان کا زائچہ دیکھتے رہتے ہیں۔ **آج ہم عجز و انکساری سے ایک بار پھر پاکستان کے لئے ایک نئی پیش گوئی** کر رہے ہیں۔ جیسے ہی دور اکبر زحل ختم ہوگا۔ **17** سالہ **دور عطارد (مہادشا) 12 دسمبر 2043ء سے شروع ہوکر 11 دسمبر 2060ء تک رهیگی 2025ء سے شروع ہونے والا پاکستان کا اچھا دور 2060ء تک رهیگا** ۔ گنہگار شاہ زنجانی کی زندگی وفا کرے یا نہ کرے **2025**ء سے شروع ہونے والے اس دور کو سبھی پاکستانی دیکھیں گے۔ **گزشتہ سال یہ پیش گوئی کس مجذوب کی بڑ لگتی تھی** مگر اب حقیقت حال ہم سب کے سامنے ہے۔ پاک سعودیہ عالمی معاہدے ممالک کے مابین ہوئے ہیں کوئی بھی حکومت آئے جائے یہ ترقی کا سلسلہ جاری رہیگا۔ نیا زائچہ پاکستان طالع ثور ایک درجہ **48** دقیقہ ہے۔ **2026**ء میں ستارہ یورانس طالع (پوری قوم) پلوٹو نویں (عدلیہ، قانون، خارجہ امور) اور نیپچون گیارہویں (پارلیمنٹ، تجارتی ترقی آمدن میں اضافہ ملک کی تعمیر و ترقی مستقبل میں منصوبہ جات خوشحالی کے گھر ہیں) یورانس کی لائی ہوئی تبدیلیاں ملکی معیشت میں اتفاقیہ اضافہ ہو نیپچون نیوکلیئر انرجی اور ایٹمی ہتھیاروں کو خفیہ دشمنوں سے محفوظ بنانا ہوگا۔ پلوٹو متشددانہ واقعات انقلاب برپا کر سکتا ہے۔ خاص طور سے نحس بارہویں گھر کا حاکم ستارہ مریخ **18** ستمبر تا **12** نومبر **2026**ء جب اپنے ہبوطی تیسرے برج سرطان میں ہوگا حکمرانوں دانشوروں کو **2026**ء ملکی معیشت کا بہتر استعمال اپنے نیوکلیئر اثاثوں کی حفاظت حکمران طبقہ کو اپنے پرٹوکول کو بہتر بنانے کے ساتھ ملک میں عدل وانصاف اور ترقیاتی کاموں کو یقینی بنانا ہوگا قدرت کا نظام ظلم کے خاتمہ سے عدل کی طرف بڑھ رہا ہے۔

قارئین کو سال نو 2026ء مبارک ہو

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

زائچہ فل مون


00 ثور 19



03 جنوری 2026ء اسلام آباد بوقت 15 بجکر 00 منٹ

زائچہ نیومون

39 میزان 08



19 جنوری 2026ء اسلام آباد بوقت 00 بجکر 51 منٹ

آٹھواں گھر معدنیاتی ذخائر کے خزانوں کا پتہ دیتا ہے۔ 20 سال بعد سعد اکبر ستارہ مشتری کی دوسرے گھر اور گیارہویں گھر سے ستارہ زحل کی مشترکہ نظر آٹھویں گھر پر ہونے سے غیر متوقع طور سے زمین اپنے معدنیاتی خزانے کھول دے گی قیمتی معدنیاتی نئے ذخائر کی دریافت اوران سے وسائل کے حصول کیلئے 2026ء کی شروعات نہایت اہم دکھائی دیتی ہے۔ ملک کی تقدیر بدلنے کے لئے اندرون ملک سرحدوں پر امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے روحانی آسٹرالوجیکل مشورہ ہے کہ اندرون ملک منگل، بدھ تمام ذبیح خانے کھول دیئے جائیں ان دنوں خون بہتا رہے۔ یہ پاکستان اور پاکستانی قوم کا صدقہ ہے۔

سیاسی نجوم میں آٹھواں گھر حکمرانوں کو حادثات سے دوچار کرواتا ہے ملکی نظریاتی اساس میں تبدیلیاں طوفان بادوباراں، زلزلے مدوجزر حادثات سے اموات کے ساتھ آتشزدگی تخریب کاری جرائم کی شرح میں اضافہ فراڈ دھوکہ دہی کے واقعات میں اضافہ جرائم لوٹ مار کی روک تھام کے لئے وزارت داخلہ کے سبھی اداروں خصوصاً سائبر کرائم کو چوکنا رہنا ہوگا۔ حکومتی کابینہ میں تبدیلیاں ممبران اسمبلی کے مابین مخالفت تنازعے اور نااتفاقی کا ہونا دکھائی دیتا ہے۔ بعض اہم سیاسی شخصیات بے مرتبہ بے وقار ہوسکتی ہیں۔ سیاسی معاملات غلط رُخ اختیار کرسکتے ہیں۔

سیاسی عسکری دفاعی لحاظ سے جنوری 2026ء کا مہینہ غیر معمولی دکھائی دیتا ہے۔ حکومت اپوزیشن کے مابین شدید سیاسی محاذ آرائیاں اندرون ملک سیاسی حالات مخدوش حکومت اپوزیشن کے مابین خانہ جنگی کا ماحول بنا رہے گا۔

ملک میں تبدیلی نظام سیاسی عسکری تبدیلیاں ایمرجنسی مارشل لاء جیسے حالات رہیں گے۔

زائچہ فُل مون : ۔طالع برج ثور حاکم ستارہ زہرہ آٹھویں نحس گھر ہمراہ شمس مریخ عطارد زہرہ سیاسی نجوم میں آٹھواں گھر حکمرانوں کو حادثات

سے دوچار کرواتا ہے ملکی نظریاتی اساس میں تبدیلیاں طوفان باد وباراں، زلزلے مدوجزر حادثات سے اموات کے ساتھ آتشزدگی تخریب کاری جرائم کی شرح میں اضافہ فراڈ دھوکہ دہی کے واقعات میں اضافہ جرائم لوٹ مار کی روک تھام کے لئے وزارت داخلہ کے سبھی اداروں خصوصاً سائبر کرائم کو چوکنا رہنا ہوگا۔ زائچہ ورش پھل میں شمس وقمر کا مشترکہ دور 26 دسمبر 2025ء تا 25 جنوری 2026ء دور شمس زائچہ ورش پھل میں شمس کا قیام گیارہویں پارلیمانی امور میں ہمراہ مریخ زہرہ اور شمس وقمر ہے تحت الشعاع شمس نے سبھی ستاروں کو غروب کر دیا ہے۔ یہ چند دن قومی اسمبلی ایوان بالا سینٹ ممبران کے لئے اہم دکھائی دیتے ہیں۔ ورش پھل چھٹے نحس گھر کے حاکم قمر کا یہاں ہونا کسی اندرونی سازش کے بے نقاب ہونے کا اشارہ ہے۔ اور ممبران پارلیمانی میں بے چینی اور حزب اختلاف حکومتی کرپشن اسکینڈلز کو اچانک نمایاں کرے تبدیلی نظام حکومت کی افواہیں بھی گردش کرتی رہیں۔ دور قمر زائچہ ورش پھل میں قمر چھٹے نحس گھر کا حاکم ہو کر پارلیمانی گھر میں ہونے سے حکومتی کابینہ میں تبدیلیاں ممبران اسمبلی کے مابین مخالفت تنازعے اور نااتفاقی کا ہونا دکھائی دیتا ہے۔ بعض اہم سیاسی شخصیات بے مرتبہ بے وقار ہوسکتی ہیں۔ سیاسی معاملات غلط رُخ اختیار کر سکتے ہیں۔ عسکری ستارہ مریخ کی بھی یہاں موجودگی پارلیمانی حلقوں کو درہم برہم لڑائیاں جھگڑے تنازعے پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزیاں سیاسی بے چینی پھیلانے کی سازش اس زائچہ میں قانون سازی کا ستارہ زہرہ قانون پر عملداری میں ناکامی سے عوام خواص میں بے چینی کا اشارہ ہے۔ حکومت وقت پر لازم ہوگا کہ وہ بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپوزیشن کو برداشت کرے اور انکے جائز مطالبات کو حل کرے نیز اندرون ملک بڑھتی ہوئی سیاسی بے چینی پر قابو پانے کے لئے کوشش اور افواہوں کی گردش سوشل میڈیا کو کنٹرول کریں۔ آٹھواں گھر معدنیاتی ذخائر کے خزانوں کا پتہ دیتا ہے۔ 20 سال بعد سعد اکبر ستارہ مشتری کی دوسرے گھر اور گیارہویں گھر سے ستارہ زحل کی مشترکہ نظر آٹھویں گھر پر ہونے سے غیر متوقع طور سے زمین اپنے معدنیاتی خزانے کھول دے گی قیمتی معدنیاتی نئے ذخائر کی دریافت اور ان سے وسائل کے حصول کیلئے 2026ء کی شروعات نہایت اہم دکھائی دیتی ہے۔ ملک کی تقدیر بدلنے کے لئے اندرون ملک سرحدوں پر امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے روحانی آسٹرالوجیکل مشورہ ہے کہ اندرون ملک منگل، بدھ تمام ذبح خانے کھول دیئے جائیں ان دنوں خون بہتا رہے۔ یہ پاکستان اور پاکستانی قوم کا صدقہ ہے۔

زائچہ نیو مون : ۔ منقلب طالع برج میزان کا حاکم ستارہ زہرہ چوتھے ہمراہ عطارد شرف یافتہ مریخ اور شمس وقمر کا قران بھی اسی جگہ ارض وطن اور حکومت اپوزیشن کے گھر میں ہو رہا ہے۔ سیاسی عسکری دفاعی لحاظ سے جنوری 2026ء کا مہینہ غیر معمولی دکھائی دیتا ہے۔ حکومت کا ستارہ قمر ان سبھی ستاروں میں گھرا ہوا ہے۔ حکومت اپوزیشن کے مابین شدید سیاسی محاذ آرائیاں اندرون ملک سیاسی حالات مخدوش حکومت اپوزیشن کے مابین خانہ جنگی کا ماحول بنا رہے گا عوام الناس میں فکر و پریشانی عدم تحفظ کا احساس بڑھے گا مہنگائی بڑھے گی حکومت وقت کو اپنا اقتدار بحال وقائم رکھنے کے لئے لمحہ موجود میں صبر وتحمل اور درست فیصلے کرنے ہونگے۔ زائچہ پاکستان میں ستارہ مشتری دوسرے رہتے ہوئے حکمرانوں اور تمام ملکی اداروں کو تقویت کا باعث بنے گا۔ نویں گھر میں قران شمس وقمر زہرہ عطارد مریخ کا قیام نظام عدل وانصاف مذہبی امور اور خارجہ پالیسیوں پر نظر ثانی کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ ملک میں تبدیلی نظام، سیاسی عسکری تبدیلیاں ایمرجنسی مارشل لاء جیسے حالات رہیں گے۔

قمر در عقرب

بحساب یونانی اس نحس وقت کی ابتداء 11 جنوری 15 بجکر 55 منٹ، اور خاتمہ 14 جنوری 04 بجکر 33 منٹ پر ہوگا۔
جبکہ بحساب ویدک دوسری بار ابتداء 13 جنوری 16 بجکر 51 منٹ، اور خاتمہ 16 جنوری 05 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔

اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

سید انتظار حسین شاہ زنجانی

بھارت پاکستان پر دوبارہ کب حملہ کریگا؟

سیاسی نجوم (Mundane Astrology) کے ماہرین ہر دور میں فن علم نجوم میں کاوشیں کرتے رہتے ہیں۔ زنجانی جنتری 2025ء کے صفحہ نمبر 15-39 اور 43 پر پاک بھارت جنگ کا ذکر نہ صرف بلکہ مضبوط دفاع وطن کی فتح وکامرانی کی پیش گوئی بھی کی گئی تھی۔ بہت سارے قارئین زنجانی جنتری و آئینہ قسمت اور ناظرین Zanjani Tv & AQ Tv نے شوق تجسس سے سوال کیا ہے کہ بھارت پاکستان پر دوبارہ حملہ کرے گا۔ اکثریت دونوں ملکوں کی عوام ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ خصوصاً سکھ برادری جن کے مقدس مقامات پاکستان میں ہیں۔ یوں بھی 25 کروڑ مسلمان بھارت میں بستے ہیں **بھارت کے اندر بھی ایک پاکستان چھپا ہوا ہے**

بھارت 15 اگست 1947ء دہلی صفر بجکر ایک منٹ پر آزاد ہوا۔ اور سانحہ مشرقی پاکستان کے بعد نیا زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء راولپنڈی 14 بجکر 53 منٹ پر بنا۔ پرانا زائچہ پاکستان 1947ء کی بہ نسبت نیا زائچہ ہماری تحقیق کے مطابق یہ زائچہ سیاسی نجوم میں پیش گوئیاں کرنے کیلئے زیادہ موثر ہے۔ دونوں ممالک حُسن اتفاق سے پاکستان 20 دسمبر 1971ء، بھارت 15 اگست 1947ء کا طالع برج ثور (پاکستان 01 درجہ 48 دقیقہ) اور (بھارت 08 درجہ 02 دقیقہ) اس اعتبار سے دونوں کے ادوار سیارگان میں فرق آجاتا ہے۔

پاکستان ان دنوں اپنی 19 سالہ نیک اچھی مہادشا زحل 11 دسمبر 2024ء تا 11 دسمبر 2043ء تک سے گذر رہا ہے۔ زائچہ میں ستارہ زحل نویں دسویں کا مشترکہ حاکم نواں گھر عدلیہ، قانون، مذہب، خارجہ پالیسیوں جبکہ دسواں گھر ملکی عزت وقار ملکی بھاری صنعتیں لوہا، فولاد، کمرشل امور مشینی آلات، اسلحہ ساز فیکٹریاں ملکی فتوحات سے ہے۔ بلاشبہ 11 دسمبر 2024ء سے قبل ملک بحرانوں کا شکار چلا آرہا تھا۔ عوام وخواص سبھی شعبہ ہائے زندگی عدم استحکام محسوس کررہے تھے جیسے ہی 2025ء کا پہلا کوارٹر گذرا 06 مئی سے پاکستان کی تعمیر وترقی کا نیا دور شروع ہوگیا۔ معرکہ حق کی کامیابی کے بیرون ملک خارجہ محاذ پر پاکستان کو پوری دُنیا خصوصاً امریکہ، ترکی، ایران، قطر، U.N.O میں بھارت کے مقابلے پر متعدد خارجہ کامیابیاں ملیں۔ 15 ستمبر O.I.C کانفرنس کے فوراً بعد 17 ستمبر کو پاک سعودی دفاعی معاہدہ دونوں ملکوں کیلئے **اتحاد اُمت** عزت وتوقیر کا باعث اور اس معاہدے نے عالمی میڈیا پر شہرت پائی دُنیا خصوصاً اسلامی ممالک کے اندر پاکستان کے خلاف جاری سازشیں دم توڑ گئیں۔ قبل ازیں بھارتی انجینئر (نیوی) اسرائیل کی جاسوسی پر قطر سے گرفتار کئے گئے تھے۔ بھارت اپنے ادوار سیارگان میں سے ان دنوں مہادشاء مریخ 10 ستمبر 2025ء تا 10 ستمبر 2032ء سے گذر رہا ہے۔ جبکہ بھارت کی مریخ میں انتردشاء راہو 06 فروری 2026ء تا 24 فروری 2027ء تک رہیگی۔

مریخ زائچہ میں فعلی اعتبار سے بارہویں نحس گھر جبکہ طالع میں راہو قابض ہے۔ اسی خراب دور نے بھارتیوں کی مت ماردی اور بھارتی حکومت اور افواج کو ذلت کا سامنہ کرنا پڑا پاکستان بھارت میں 1971,1965,1948ء اور حالیہ 2025ء ابتک چار جنگیں ہو چکی ہیں۔ اسی سبب یہ عوامی سوال عام ہے کہ بھارت پاکستان پر بدلہ کی آگ میں پلٹ وار کرنے کی ناپاک جسارت کرسکتا ہے اور ایسا کب متوقع ہے۔؟ بوقت تحریر بھی حملہ کی افواہیں گردش میں ہیں۔ اساتذہ نجوم جانتے ہیں اور طلبہ جان لیں کہ 120 سالہ ادوار سیارگان میں پاکستان کا اچھا دور اور بھارتی زائچہ کا نحس دور چل رہا ہے۔ علم نجوم کی روشنی میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ کیا بھارت پاکستان پر دوبارہ حملہ کی غلطی کر سکتا ہے۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی خراب پوزیشن سے کب متوقع دکھائی دیتا ہے۔؟ دونوں ممالک کا طالع برج ثور سیاسی کلاسیک نجوم میں ہر زائچہ کے

12,8,6 گھر خراب مانے جاتے ہیں۔ ان دونوں زائچہ میں زہرہ، مشتری اور مریخ فعلی منحوس ستارے ہیں۔ انفرادی زائچہ ہو یا سیاسی زائچہ تیسرا گھر برج سرطان پڑوسی ممالک عالمی ابلاغ عامہ پریس میڈیا ہر قسم کے ذرائع مواصلات سے تعلق رکھتا ہے۔ بھارتی زائچہ میں بوقت آزادی پہلے سے ہی چھ ستارے شمس، قمر، عطارد، زہرہ، زحل اور پلوٹو یہاں مقیم ہیں۔ اسی سبب بھارتی سرکاری پڑوسی ممالک چین، نیپال، مالدیپ، بھوٹان، بنگلہ دیش اور پاکستان پر دباؤ بڑھانے کی کوئی کوشش جانے نہیں دیتی۔ مہادشاء مریخ سے قبل مہادشاء قمر 10 ستمبر 2015ء تا 10 ستمبر 2025ء جاری تھی اس دس سالہ دور میں بھارت نے اپنے پڑوسی ممالک کو ناراض کیا اور اب سبھی ممالک مشترکہ طور سے بھارت سے ناراض ہو چکے ہیں۔ جنگ وجدل کا ستارہ مریخ جب بھی تیسرے برج سرطان میں آئے گا۔ بھارت سرکار کے جنگی جنون کو ہوا دے سکتا ہے۔ ستارہ مریخ کو برج سرطان میں ہبوط یافتہ ہوتا ہے۔ 2025ء میں ستارہ مریخ 03 اپریل تا 07 جون ہبوط یافتہ تھا جب بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا۔ 2026ء میں ستارہ مریخ 18 ستمبر تا 12 نومبر پھر ہبوط یافتہ رہیگا۔ اس عرصہ میں بارہ سال بعد ستارہ مشتری بھی تیسرے گھر برج سرطان میں شرف یافتہ ہوگا۔ جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کلاسیکل سیاسی نجوم میں ہر زائچہ کے 12,8,6 گھر نحس مانے جاتے ہیں۔ بھارت پاکستان دونوں کے طالع برج ثور اور دونوں پڑوسی ممالک کا تیسرا گھر برج سرطان ہے۔ ان دونوں زائچوں کے آٹھویں گھر کا مالک ستارہ مشتری جبکہ بارہویں گھر کا حاکم مریخ ہے یہ دونوں ستارے ان ممالک کے نحس ستارے ہیں۔ 2026ء کی ابتداء میں مریخ مشتری مقابلہ دونوں ممالک میں سیاسی قانونی سورش بڑھے۔ 11,10,9 جنوری نویں گھر مریخ پلوٹو کا قران سیاسی حکومتوں کے لئے خطرات عوامی توجہ ہٹانے کے لئے سرحدوں پر عسکری نقل وحمل میں اضافہ دیکھا جا سکے گا۔ جمہوریت آمریت (مارشل لاء) جیسے اقدامات دونوں نحس کواکب مریخ 10 ستمبر تا 12 نومبر 2026ء برج سرطان ہمراہ ستارہ مشتری بھی 02 جون تا 31 اکتوبر 2026ء تک رہیگا۔

2026ء کے مہینہ جنوری، ستمبر، اکتوبر اور نومبر حساس مہینے دکھائی دیتے ہیں۔ بھارتی عسکری قیادت پاکستان کشمیر بارڈرز پر اشتعال انگیزی حملہ کرنے کی غلطی کر سکتی ہے۔ ستارہ یورانس دونوں زائچوں کے طالع کے حساس درجات پر سارا سال گردش کرتا رہیگا۔ سارا سال غیر متوقع واقعات سیاسی عسکری حالات کا خطرہ رہیگا۔ خصوصاً ایام گرہن 17 فروری، 03 مارچ، 19 اگست اور 28 اگست گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم سیاسی شخصیات کیلئے خطرات اندرون ملک دہشت گردی کے خطرات نظرانداز نہیں کئے جا سکتے۔ دُعا گو ہوں کہ دونوں پڑوسی ممالک امن سے رہنا سیکھ لیں۔

بقیہ | نظرات

منٹ مکمل نظر 18 جنوری 12 بجکر 40 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 19 جنوری 16 بجکر 02 منٹ پر ہوگا۔ اُلفت ومحبت قائم ودائم رکھنے کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

(پہلے آچکا ہے)

تسدیس عطارد زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 18 جنوری 17 بجکر 51 منٹ مکمل نظر 19 جنوری 09 بجکر 08 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 20 جنوری 00 بجکر 23 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نقش ناد علیؑ باپرہیز پاس رکھیں۔

(پہلے آچکا ہے)

تسدیس مریخ زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 19 جنوری 00 بجکر 24 منٹ مکمل نظر 20 جنوری 11 بجکر 01 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 21 جنوری 21 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی زراعت سورۃ الشمس کے خالی البطن نقش کو باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۴۸۷۲	۱۳۰۰۳	۱۶۲۴
۱۱۳۷۹	یہاں مقصد لکھیں	۸۱۲۰
۳۲۴۸	۶۴۹۶	۹۷۵۵

قران شمس عطارد:۔ جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 20 جنوری 08 بجکر 09 منٹ مکمل نظر 21 جنوری 20 بجکر 48 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 23 جنوری 08 بجکر 39 منٹ پر ہوگا۔ بلندی مراتب اور ہمت وحوصلہ کیلئے سورۃ الشمس کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

(پہلے آچکا ہے)

قران عطارد زہرہ:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 27 جنوری 13 بجکر 57 منٹ مکمل نظر 29 جنوری 15 بجکر 16 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 31 جنوری 15 بجکر 03 منٹ پر ہوگا۔ حصول علم اور اعتصال محبت کیلئے سورۃ یوسف کے نقش سے فیض پائیں۔

(پہلے آچکا ہے)





افغانستان سے دہشتگردی کا نیا خطرہ

عالمی برادری طالبان حکومت پر ذمہ داریوں کی ادائیگی کیلئے زور ڈالے، وزیراعظم


روزنامہ جنگ 13 دسمبر 2025ء

زائچہ سندھ — 12 حوت 07



بتاریخ جولائی 1970ء کراچی بوقت 00 بجکر 00 منٹ

زائچہ بلوچستان — 32 حوت 07




بتاریخ جولائی 1970ء کوئٹہ بوقت 00 بجکر 00 منٹ

پاکستان اپنے قیام کے بعد ہی سے سال بہ سال نت نئے حادثات اور سانحات سے دوچار ہوتا رہا ہے، قیام پاکستان 1947 کے ایک سال بعد ہی بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح ستمبر 1948 میں ایک ایسے وقت میں دنیا سے رخصت ہوئے جب ابھی ملک میں آئین بھی نہیں تھا، اس کے بعد 1951 میں تحریک پاکستان کے نمایاں رہنما اور پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان راولپنڈی لیاقت باغ میں شہید کردیے گئے ، جیسے تیسے 1956 میں آئین سازی مکمل ہوئی لیکن 1958 میں ملک میں مارشل لا لگا دیا گیا اور آئین معطل ہوگیا۔ مارشل لا کے بعد ملک میں ایک نئے جرنیلی دور کا آغاز ہوا، فیلڈ مارشل جنرل ایوب خان نے ملک کو اپنی مرضی کا ایک نیا آئین دیا اور اس طرح ایک آمر مطلق کے طور پر تقریباً گیارہ سال حکومت کی لیکن مارچ 1969 کو جنرل یحییٰ خان نے پھر مارشل لگا دیا اور جنرل ایوب کی چھٹی ہوگئی۔ جنرل ایوب خان نے اپنے دور اقتدار میں ملک کو دو صوبوں میں تقسیم کردیا تھا یعنی مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان، انھوں نے ون یونٹ کا قانون بنا کر یہ تقسیم کی تھی لیکن یحییٰ خان نے برسر اقتدار آنے کے بعد ون یونٹ کو ختم کردیا اور اس طرح یکم جولائی 1970 میں مغربی پاکستان کو چار صوبوں میں تقسیم کردیا گیا اور اس طرح کراچی سندھ کا، لاہور پنجاب کا، پشاور سرحد کا اور کوئٹہ بلوچستان کا دارالحکومت مقرر ہوا۔ پنجاب، سندھ، سرحد اور بلوچستان، اگرچہ یہ تقسیم تاحال قائم ہے لیکن اکثر و بیشتر ہمارے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی صدا بلند ہوتی رہتی ہے اور اس سال یعنی 2025 میں یہ آواز پورے پاکستان میں نہایت زور و شور سے گونج رہی ہے لیکن سیاسی پارٹیاں اس حوالے سے خاموش ہیں، بعض غیر سیاسی اہم شخصیات نئے نئے فارمولے پیش کررہی ہیں، کچھ کا خیال ہے کہ ملک میں بارہ صوبے بنادیے جائیں اور بعض کا ایجنڈا 32 یا 33 صوبے نئے تشکیل دینے کا

زائچہ پنجاب


59 حوت 17



بتاریخ جولائی 1970ء لاہور بوقت 00 بجکر 00 منٹ

زائچہ کے پی کے

12 حوت 14



بتاریخ جولائی 1970ء پشاور بوقت 00 بجکر 00 منٹ

ہے۔ سیاسی پارٹیوں میں اگرچہ کسی حد تک خاموشی ہے لیکن ڈھکے چھپے لفظوں میں مخالفت کی جھلک بھی موجود ہے، خصوصاً پاکستان پیپلز پارٹی اور سندھ کے نیشلسٹ حلقے ایسے کسی بھی اقدام کے مخالف ہیں۔

عزیزان من! غالباً 2011-12 میں ہم نے پاکستان میں پہلی مرتبہ پاکستان کے چاروں صوبوں کے زائچے پیش کیے تھے اور اس حوالے سے ان زائچوں کی خوبیوں اور خامیوں پر بھی روشنی ڈالی تھی، یکم جولائی 1970 شب صفر بج کر صفر منٹ کراچی کے مطابق صوبہ سندھ کا طالع پیدائش یا لگن 7 درجہ 12 دقیقہ برج حوت سامنے آتا ہے جب کہ صوبہ بلوچستان دارالحکومت کوئٹہ کے مطابق زائچے کے پہلے گھر میں اور دیگر لاہور اور پشاور کے زائچوں میں بھی برج حوت ہی طالع پیدائش ہے، البتہ طالع کی ڈگریز ضرور مختلف ہیں جس کی وجہ سے چاروں صوبوں میں حالات وواقعات کے ظہور پذیر ہونے میں نمایاں فرق سامنے آتا ہے۔ فی الحال ہمارے پیش نظر صوبہ سندھ اور بلوچستان ہیں، دونوں کے زائچوں میں مماثلت یہ ہے کہ دونوں کے لگن کے درجات قریب قریب ہی ہیں۔ طالع حوت کے اس زائچے میں طالع اور دسویں گھر کا حاکم سیارہ مشتری ہے جو زائچے کے آٹھویں گھر میں کمزور حالت میں موجود ہے اور یہ کمزوری تقریباً چاروں صوبوں کے زائچے میں مشترک ہے، طالع کی حاکم کی آٹھویں گھر میں نشست کسی طور بھی مناسب نہیں ہے، زائچے کے گیارھویں اور بارھویں گھر کا حاکم سیارہ زحل دوسرے گھر برج حمل میں ہبوط زدہ ہے، البتہ سیارہ قمر تیسرے گھر میں شرف یافتہ ہے جب کہ چوتھا گھر بھی نہایت اہم ہے جہاں عطارد، شمس اور مریخ براجمان ہے۔ شمس کی قربت کے سبب دونوں اہم سیارے غروب ہیں، تیسرے اور آٹھویں گھر کا حاکم سیارہ زہرہ پانچویں گھر میں جب کہ راہو اور کیتو زائچے کے بارھویں اور چھٹے گھر میں بیٹھے ہیں، پلوٹو اور یورینس ساتویں جب کہ نیپچون 6 ڈگری پر نویں گھر میں ہے، گویا زائچے کے حساس پوائنٹس کو متاثر کر رہا ہے، نیپچون کی پراسراریت ایسا فریب لاتی ہے جو دکھائی نہیں دیتا، یہ زائچے کے پہلے، پانچویں اور نویں گھر کو متاثر کر رہا ہے، گویا ہم صوبے کے کسی بھی گورنر یا وزیراعلیٰ کے کردار اور سوچ پر بھروسا نہیں کر سکتے۔ صوبے میں ہونے والی آئین سازی عوامی مفاد کے بجائے مخصوص مفادات کو مدنظر رکھ کر ہوگی، مستقبل کے منصوبے ایک بار شروع ہو جائیں تو پھر انجام تک پہنچتے نظر نہیں آتے، صوبے میں میڈیا اور دیگر دانش ور طبقوں کی صدائے احتجاج بھی صدا بہ صحرا ثابت ہوتی ہے۔ یہ چاروں صوبوں کے زائچوں کی بنیادی خرابی ہے جو ہم نے 1970 سے آج تک مشاہدہ کی ہے۔

عزیزان من! لگن حوت کے لیے سیارہ زحل، شمس، زہرہ اور راہو کیتو فعلی منحوس (Functional Melfic) سیارے ہیں لہٰذا زائچے میں ان کی حرکات وسکنات نقصان دہ عوامل واثرات کا سبب ہوتی ہے۔ سیارہ قمر، مریخ مشتری اور عطارد زائچے کے فعلی سعد سیارے ہیں، گویا لگن حوت کو ایک ایسا لگن سمجھا جاتا ہے جسے زندگی میں بہت زیادہ محنت اور جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے، مشکلات اور الجھنیں قدم قدم ان کے ساتھ چلتی ہیں لیکن اہم بات یہ ہے کہ صوبوں کے سسٹم کو چلانے والے افراد کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، اگر یہ افراد عوام سے مخلص اور ایماندار ہوں تو ہر قسم کی مشکلات اور الجھنوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ایک حقیقی جمہوری نظام اس قسم کی دشواریوں کو کنٹرول کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔

عزیزان من! 31 اکتوبر 2019 سے تینوں صوبوں کے برتھ چارٹ کے مطابق زائچے کے فعلی منحوس گیارھویں، بارھویں گھر کے حاکم سیارہ زحل کا دور اکبر شروع ہوا اور تین نومبر 2022 تک زحل ہی کا دور اصغر بھی جاری رہا، اب 13 جولائی 2025 سے زحل کے دور اکبر میں چھٹے گھر میں قابض کیتو کا دور اصغر جاری ہے اور اس پر طرفہ تماشا سیارہ زحل کا پہلے گھر برج حوت میں قیام ہے، سیارہ زحل 30 مارچ 2025 کو برج حوت میں داخل ہوا اور اپریل کے سیکنڈ ہاف سے زائچے کے حساس مقامات پر اثر انداز ہونا شروع ہوا، یہ چوں کہ بارھویں نحس گھر کا حاکم ہے اور جرائم یا لاقانونیت کو ہوا دیتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ اس سال سندھ اور بلوچستان دونوں صوبوں میں بدامنی، لاقانونیت اور جرائم کی شرح کا گراف بہت تیزی سے بڑھا بعد ازاں زحل کو رجعت ہوئی اور نومبر دسمبر میں یہ زائچے کے حساس مقامات سے دور ہوگیا لیکن جنوری 2026 سے یہ دوبارہ حساس مقامات کو متاثر کرے گا اور یہ سلسلہ تقریباً اپریل تک جاری رہے گا، گویا زائچے کا پہلا گھر، تیسرا گھر، ساتواں گھر اور دسواں گھر اس کی زد میں ہوں گے۔ پہلے گھر کا تعلق صوبے کی مجموعی صورت حال سے ہے جب کہ تیسرے گھر کا تعلق صوبے میں ہونے والے فیصلوں اور اقدام سے ہے اور ساتویں گھر کا تعلق صوبے کے عوام کے باہمی تعلقات سے ہے اور دسویں گھر کا تعلق حکومت اور کابینہ سے ہے گویا ہم کہہ سکتے ہیں کہ سندھ اور بلوچستان میں بے چینی اور اضطراب کی ایک شدید لہر جنوری تا اپریل سامنے آسکتی ہے جس کے نتیجے میں انتشار اور انارکی پیدا ہوسکتی ہے۔

سال 2026 کا پہلا جزوی سورج گہن 17 فروری کو زائچے کے بارھویں گھر میں لگے گا، یہ بھی ایک اشارہ ہے کہ فروری کے بعد صورت حال زیادہ سنگین رخ اختیار کرجائے اور معاملات کو سنبھالنے کے لیے فوج یا رینجرز کی ضرورت پیش آجائے۔ سندھ خصوصاً کراچی کی صورت حال کے بارے میں میڈیا اور سوشل میڈیا تقریباً روزانہ ایسی خبریں دیتے رہتے ہیں جو لاقانونیت، جرائم میں اضافے کے ساتھ حکومت کی غفلت اور نااہلی کی نشان دہی کرتی ہیں، کہا جاتا ہے کہ کراچی کھنڈر بن چکا ہے، اعلیٰ سطح پر کرپشن کے الزامات بھی لگائے جاتے ہیں، اس صورت حال پر نئے صوبوں کی تشکیل کا شوشا گویا سیاسی اشرافیہ کے لیے جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہے۔ کہا جارہا ہے کہ 28 ویں آئینی ترمیم جس میں شاید صوبوں کے حوالے سے بھی کوئی نئی ترمیم زیرغور ہے، فروری تک اسمبلی میں پیش ہوسکتی ہے لیکن کیا ایسی کوئی ترمیم قومی اسمبلی سے منظور ہوسکتی ہے؟ اس سوال کا جواب فی الحال کسی کے پاس نہیں ہے لیکن سندھ اور بلوچستان کے زائچوں کی روشنی میں کہا جاسکتا ہے کہ یہ ترمیم منظور ہوسکتی ہے اور اس کے نتیجے میں بلوچستان کے بعد سندھ بھی ایک نیا مزاحمتی رویہ اختیار کرسکتا ہے۔ سیاروی گردش اور زائچے میں جاری دور اکبر زحل اور دور اصغر کیتو حالات کو کس رخ پر لے جائیں گے، یہ وقت آنے پر ہی معلوم ہوگا فی الحال ہم سیاروی گردش کے اشاروں سے یہی مطلب اخذ کرسکتے ہیں کہ جو کچھ بھی ہوگا اس کے مستقبل میں بہرحال بہتر نتائج ہی برآمد ہوں گے۔ بہ ظاہر نظر آنے والی برائیاں اکثر اپنے باطن میں کچھ اچھائیاں بھی رکھتی ہیں، معاشرے جب انحطاط کے آخری درجوں پر پہنچ جائیں تو پھر قدرت کا نظام انصاف حرکت میں آجاتا ہے اور بہت کچھ ایسا دیکھنے کو ملتا ہے جس کی کبھی توقع بھی نہ کی ہو، اس کے بارے میں کبھی سوچا بھی نہ ہو۔ علم نجوم میں ہم جن سیاروی اثرات کو نحس اور ناگوار سمجھتے ہیں وہ درحقیقت نحس نہیں ہوتے، وہ یقیناً کسی اصلاحی عمل کا حصہ ہوتے ہیں۔

راہو در قمری منزل ست بھیشا

پاکستان اور بھارت میں راہو کے حوالے سے اکثر منجمین راہو کے ست بھیشا نچھتر میں داخلے پر اظہار خیال کررہے ہیں اور جتنے منہ اتنی باتیں، بلاشبہ ست بھیشا نچھتر میں راہو کا یہ ٹرانزٹ نہایت اہمیت کا حامل ہے، ہم اسے صرف پاکستان کے حوالے سے دیکھیں گے اور یہ بھی دیکھیں گے ماضی میں جب راہو نے ست بھیشا نچھتر میں ٹرانزٹ کیا ہے تو ملک میں کس قسم کی صورت حال سامنے آئی ہے۔

قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ 20 جون 1951 کو راہو اس نچھتر میں داخل ہوا اور 30 مارچ 1952 تک اسی نچھتر میں حرکت کرتا رہا، خیال رہے کہ راہو اس نچھتر کا حاکم بھی ہے۔ ست بھیشا ایک بہت عجیب نچھتر ہے، یہ برج دلو کے 6 درجہ چالیس دقیقہ سے 20 درجہ دلو تک واقع ہے، اسے سو معالج یا سو مسیحا کہا جاتا ہے، انسانیت کے لیے شفا بخشی کا عمل اس نچھتر سے منسوب ہے، اسے سو ستارے بھی کہا جاتا ہے۔ اس قمری منزل میں شاہانہ خوبی کی عکاسی ہے،

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بادشاہ کا خوش قسمت ستارہ ہے، اس قمری منزل میں پیدا ہونے والے لوگ زبردست قوت حیات اور جرأت کے مالک ہوتے ہیں اور اپنے دشمنوں کو شکست دے کر فتح یاب ہوتے ہیں۔ راہو اس نچھتر پر حکمران ہے ، اس کا بنیادی محرک راست بازی اور علامت ایک خالی دائرہ ، سو معالج ، ستارے یا پھول ہے ۔ اپنی فطرت میں آسیبی (راکھشس) اس کی حیوانی علامت مادہ گھوڑا (گھوڑی) اور سمت جنوب ہے ، نامناسب نہ ہوگا اگر یہاں چند ان مشہور شخصیات کی نشان دہی کر دی جائے جو اس قمری منزل میں پیدا ہوئے ۔ سینٹ جون آف آرک، بینجمین فرینکلن ، مائیکل انجیلیو ، شاعر گوئٹے ، اداکار پال نیومن، گلوکار ایلویس پریسلے، جنرل اشفاق پرویز کیانی، حنا ربانی کھر، اداکار گورودت، شمی کپور، ہدایت کار ستیا جیت رے، دادا صاحب پھالکے، آغا حشر کاشمیری، اداکارہ نرگس، وحیدہ رحمن، کترینہ کیف اور وینا ملک شامل ہیں۔

جیسا کہ ابتدا میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان بننے کے بعد پہلی مرتبہ راہو اس قمری منزل میں **20** جون **1951** کو داخل ہوا اور **3** مارچ **1952** تک مقیم رہا، اسی دوران میں پہلے وزیراعظم پاکستان اکتوبر **51** میں شہید ہوئے اور اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ تاریخ کا حصہ ہے، کس طرح نظام حکومت جمہوریت سے مارشل لا کی سمت چلا گیا۔ دوسری بار **8** جنوری **1970** کو راہو قمری منزل ست بھیشا میں داخل ہوا اور دسمبر **1970** تک اسی منزل میں حرکت کرتا رہا، یہ جنرل یحییٰ کے مارشل لا کا دور تھا، اسی زمانے میں ون یونٹ ختم کیا گیا اور صوبوں کی نئی تقسیم عمل میں آئی، دسمبر میں پورے ملک میں انتخابات ہوئے اور اس کے نتیجے میں صورت حال پیدا ہوئی وہ نہایت انتشار اور انارکی کی جانب لے گئی، **1971** میں بالآخر ملک دولخت ہوگیا، گویا وہ پاکستان ہی ختم ہوگیا جو اگست **1947** میں وجود میں آیا تھا، **20** دسمبر **1971** کو ٹرانسفر آف پاور کے نتیجے میں ایک نیا پاکستان وجود میں آیا جس کے سربراہ ذوالفقار علی بھٹو تھے، اگر موجودہ پاکستان کا بانی انہیں کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔ تیسری بار **13** اکتوبر **1988** کو راہو نچھتر ست بھیشا میں داخل ہوا اور **19** مئی **1989** تک ست بھیشا میں رہا، ہم دیکھتے ہیں کہ اسی سال اگست میں صدر جنرل ضیاء الحق اور دیگر اہم افراد ایک ہوائی حادثے میں اس دنیا سے رخصت ہوئے اور پھر ملک میں ایک نئے جمہوری دور کا آغاز ہوا جو تقریباً دس سال جاری رہا۔ بعد ازاں ایک بار پھر مارشل لا کا سامنا کرنا پڑا۔ چوتھی بار **7** مئی **2007** کو راہو ست بھیشا میں داخل ہوا اور دسمبر **2007** تک اسی نچھتر میں حرکت کرتا رہا، سال **2007** پاکستان کی تاریخ کا ایک غیر معمولی سال ہے جب جنرل پرویز مشرف کے خلاف وکلا تحریک چلی اور اسی سال دسمبر میں محترمہ بے نظیر بھٹو کو شہید کر دیا گیا، اس کے بعد ملک میں پھر جمہوری دور کا آغاز ہوا جو کسی نہ کسی شکل میں آج تک جاری ہے۔ پانچویں بار **4** نومبر **2025** سے راہو ایک بار پھر نچھتر ست بھیشا میں داخل ہو چکا ہے اور **6** جون **2026** تک اسی نچھتر میں حرکت کرے گا، اسی تاریخ کو ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے فیلڈ مارشل عاصم منیر پانچ سال کے لیے آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز مقرر ہوئے ہیں، ملک میں ایک ہائبرڈ نظام جاری ہے ۔ جنرل عاصم منیر ملک میں سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کے لیے سنجیدہ کوششوں پر یقین رکھتے ہیں، حافظ قرآن ہیں اور اسلامی اقدار کو اہمیت دیتے ہیں۔ ملک میں انقلابی نوعیت کی تبدیلیوں کے خواہاں ہیں، ہمیں دعا کرنا چاہیے کہ وہ اپنے نیک ارادوں میں کامیاب و کامران رہیں۔

عزیزان من! ماضی کی مثالیں اور اس قمری منزل ست بھیشا کے اثرات ہم پہلے بیان کر چکے ہیں، اسے سو مسیحا کہا جاتا ہے، اس مسیحائی کا انحصار حق و انصاف کے نظام پر ہے، جب بھی حق و انصاف سے روگردانی کی گئی تو نتائج منفی ظاہر ہوئے جیسا کہ **1951** کے بعد ہوا یا **1970** کے الیکشن کے بعد ہوا، **1988** میں ملک جمہوریت کی پٹڑی پر چڑھ گیا تھا لیکن بے جا مداخلتوں نے جمہوریت کو پنپنے نہیں دیا اور بالآخر **1999** میں ایک بار پھر جمہوری بساط لپیٹ دی گئی لیکن ایک بار پھر **2008** کے الیکشن سے جمہوریت کا آغاز ہوا، **18** ویں آئینی ترمیم سے جمہوریت کو مضبوط کرنے کی کوشش کی گئی لیکن آئین ایک مرتبہ پھر من پسند ترامیم کی زد میں ہے۔ ملک کا دانش ور طبقہ اس بات پر متفق ہے کہ **1973** کے متفقہ آئین کے مطابق ملک کو چلایا جائے تو تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں، قمری منزل ست بھیشا کی بنیادی خصوصیات سے روگردانی کی گئی تو نتائج بھی منفی ہی ظاہر ہوں گے بہ صورت دیگر اس نچھتر میں راہو کی موجودگی مثبت اثر کی حامل ہوگی ۔ وما علینا الا البلاغ۔



مستحصلہ نادِ علی علیہ السلام

یاعَلِیمُ :۔کیا عمران احمد خان نیازی کو دو ہزار چھبیس عیسوی (2026ء) میں جیل سے رہائی ملے گی؟

خالص حروف: ک ی ا ع م ر ن ح د خ ز و ھ ج ب س ل

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
خالص حروف	ک	ی	ا	ع	م	ر	ن	ح	د	خ	ز	و	ھ	ج	ب	س	ل
مؤخرصدر	ل	ک	س	ک	ب	ا	ج	ع	ھ	م	و	ر	ز	ن	خ	ح	د
مؤخرصدر	د	ل	ح	ک	خ	س	ن	ی	ز	ب	ر	ا	و	ج	م	ع	ھ
جمل مفردہ	۹	۶	۱۵	۱۰	۱۲	۹	۱۳	۱۶	۱۶	۱۲	۱۵	۹	۱۸	۱۱	۱۲	۲۱	۱۲
مستحصلہ	ج	ر	ی	ط	ر	ز	ت	ق	ت	ض	ط	ر	د	ق	س	ط	ح
مؤخرصدر	ح	ج	ط	ر	س	ی	ق	ط	د	ر	ر	ز	ط	ت	ض	ق	ت
نصف	د	ب	ح	ق	ل	ھ	ن	ح	ب	ق	ق	و	ح	ر	ت	ن	ر
تنصیف	ب	ا	د	ن	ک	د	م	د	ا	ن	ن	ج	د	ق	ر	م	ق
امتزاج	ب	ن	ا	ن	د	ج	ن	د	X	ک	ق	د	ر	م	م	د	ق

خالص حروف	ب	ن	ا	د	ج	ک	ق	ر	م
مؤخرصدر	م	ب	ر	ن	ق	ا	ک	د	ج
مؤخرصدر	ج	م	د	ب	ک	ر	ا	ن	ق
مؤخرصدر	ق	ج	ن	م	ا	د	ر	ب	ک
خودنصف نظیره	ترقی	نظیره	نظیره	خود	خود	نصف	نصف	ترقی	نصف
مستحصلہ	ر	ف	غ	م	ا	ب	ق	د	ی
ترتیب	م	غ	ف	ر	پ	ا	ق	ی	د
جواب	مغفر (نجات)				پا		قید		

جواب: مغفر (نجات) پا قید — واللہ اعلم باالصواب



نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جنوری 2026ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت اچند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بھی عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہو گئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2026ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجالا ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر تصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت بیاس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَا رِجَالَ الغَیبِ وَیَا اَروَاحَ المُقَدَّسَۃِ اَعِینُونِی بِقُوَّۃٍ وَّ انظُرُونِی بِنَظرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبدَالُ یَا اَوتَادُ یَا قُطبُ یَا غَوثُ اَعِینُونِی بِحُرمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ اَجمَعِینَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

قران شمس زہرہ:۔ جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 02 جنوری 17 بجکر 17 منٹ مکمل نظر 06 جنوری 21 بجکر 35 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 11 جنوری 01 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔ اس خوبصورت وقت کے دوران تجدید مراسم اور خاتمہ ناراضگی کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش کو باپرہیز بنا کر پاس رکھنا نیک رہے۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

قران شمس مریخ:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 05 جنوری 16 بجکر 02 منٹ مکمل نظر 09 جنوری 16 بجکر 40 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 13 جنوری 18 بجکر 18 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین اور مخالفین کو منتشر کرنے کیلئے سورۃ الہب کے خالی البطن نقش کو احاطہ قبور میں دفن کریں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۳۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

قران زہرہ مریخ:۔ جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 06 جنوری 06 بجکر 30 منٹ مکمل نظر 08 جنوری 07 بجکر 42 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 10 جنوری 09 بجکر 04 منٹ پر ہوگا۔ عزت وتوقیر بڑھانے اور غلبہ پانے کیلئے سورۃ القدر کے خالی البطن نقش کو پاس رکھنا نیک رہے۔

۷۸۶		
۷۵۸	۶۰۶۵	۲۲۷۴
۳۷۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۵۳۰۷
۴۵۴۹	۳۰۳۲	۱۵۱۶

مقابلہ زہرہ مشتری:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 09 جنوری 05 بجکر 20 منٹ مکمل نظر 09 جنوری 22 بجکر 34 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 10 جنوری 15 بجکر 48 منٹ پر ہوگا۔ دو ناجائز محبت کرنے والوں کے مابین عداوت ضروری ہو تو سورۃ الکوثر کے خالی البطن نقش کو کسی ویران درخت سے باندھیں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۰۹
۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

مقابلہ شمس مشتری:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 09 جنوری 16 بجکر 53 منٹ مکمل نظر 10 جنوری 13 بجکر 41 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 11 جنوری 10 بجکر 29 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین اور دشمنوں میں ویرانی کیلئے اشد ضروری ہو تو سورۃ الہب کے خالی البطن نقش کو احاطہ قبور میں دفنائیں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(پہلے آچکا ہے)

مقابلہ مریخ مشتری:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 09 جنوری 16 بجکر 57 منٹ مکمل نظر 10 جنوری 19 بجکر 24 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 11 جنوری 10 بجکر 29 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں پر اُن کے وار واپس پلٹانے کیلئے شرعی طور پر جائز سمجھیں تو سورۃ الفیل کے خالی البطن نقش کو احاطہ قبور میں دفن کریں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۸	۳۹۰۷	۱۴۶۴
۲۴۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۱۹
۲۹۳۱	۱۹۵۲	۹۷۶

مقابلہ عطارد مشتری:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 13 جنوری 23 بجکر 32 منٹ مکمل نظر 14 جنوری 13 بجکر 16 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 15 جنوری 02 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کی املاک کو ویران کرنا مقصود ہو تو سورۃ الہب کے خالی البطن نقش کو کسی ویران درخت سے باندھیں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(پہلے آچکا ہے)

تسدیس زہرہ زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 14 جنوری 14 بجکر 57 منٹ مکمل نظر 15 جنوری 11 بجکر 18 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 16 جنوری 07 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم اور عداوت کے خاتمے کیلئے نقش نادعلیؑ باپرہیز بنا کر پاس رکھیں۔



تسدیس شمس زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 16 جنوری 14 بجکر 05 منٹ مکمل نظر 17 جنوری 15 بجکر 41 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 18 جنوری 17 بجکر 19 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی روزگار اور طلب حاجات کیلئے سورۃ القدر کے خالی البطن نقش کو بنا کر پاس رکھنا نیک ہو۔

(پہلے آچکا ہے)

قران عطارد مریخ:۔ جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 17 جنوری 08 بجکر 49

بقیہ صفحہ نمبر 8 پر



سب تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرما کر اس میں روح ڈال دی پھر ان کو پیغمبر کے لئے چن لیا اور جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کلیم اور حضرت داؤد علیہ السلام کیلئے لوہے کو نرم کیا، حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبیح بنایا، جس نے قوم عاد کے مقابلے میں حضرت ہود علیہ السلام کی مدد کی اور حضرت سلیمان علیہ السلام کیلئے حکومت وسیع اور ہوا کو مسخر کیا حضرت صالح علیہ السلام کو معجزات سے اور حضرت ہارون علیہ السلام کو رسالت سے نوازا اور حضرت مسیح علیہ السلام کو اپنی قدرت کاملہ کی نشانی اور روح بنایا اور حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئیں سے نجات اور خوابوں کی تعبیر کا علم عطا کیا اور ہر معاملات میں ان کی کامیابی سے ہمکنار فرمایا۔ تمام تعریفیں اس اللہ پاک کیلئے جس نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے حوض کوثر کو مخصوص کیا اور جنت میں ان کیلئے خاص مقام محمود اور مقدر فرمایا اور قرآن حکیم ان کی فضیلت میں ان پر نازل فرمایا اور علم تعبیر کو علوم شرعیہ میں سے ایسا علم دیا جس کا کوئی بھی منکر نہیں ہے۔ میں ہر حال میں اسی ذات کی حمد وثناء بیان کرتا ہوں اس کی لازوال نعمتوں پر اس کا شکر ادا کرتا ہوں اور دل و زبان سے سراً اعلانیہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ پاک کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ پاک کے بندے اور اس کا سچا رسول ہے جو اخلاق ومقام سے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہیں۔

اب عمل ولوح کی ترتیب:

1:۔ سرکش وجابر دشمن کو تباہ وبرباد کرنا۔

2:۔ دشمن ظالم کو بیماریوں میں مبتلا کرنا اور دشمن کو بیہوش کرنا ہو تو تربیع مریخ وزحل میں اس وقت میں تین الواح سورۃ العنکبوت آیت **30** (رَبِّ انْصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ) کے اعداد مخمس **1165** نکال کر تین الواح تیار کریں ایک الواح کو قبرستان میں دفن کرو دوسری کو دشمن کی گذرگاہ میں تیسری الواح کو کسی ویرانے میں دفن کرو اور اس آیت کو **101** مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھیں اس عمل کو **11** دن پڑھیں دشمن برباد ہوگا یہ عمل فقط جائز کام کے لئے ہے ناجائز کرنا حرام و گناہ کبیرہ ہے اس عمل کی اجازت زنجانی خاندان سے یا مجھ عاجز سے لیں۔

خاکی	٧٨٦	چال
۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

احمزط یاجبرائیل احمزط

۳۸۷	۳۹۳	۳۸۵
۳۸۶	۳۸۸	۳۹۱
۳۹۲	۳۸۴	۳۸۹

یا عزرائیل — یا اسرافیل

احمزط — احمزط

از تحریر: علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب، حویلی لکھا

عنقریب شائع ہونے والی کتاب "کلید رموز مخفی" کا ایک باب

دعوت صمدیہ اور اُس کی شرح

دعوتِ صمدیہ اور اس کی شرح

دعوتِ صمدیہ کا تذکرہ صرف اور صرف "غایت الحکیم" عربی جسے سن 343 ھجری میں ماہر فلکیات و حکیم صادق ابی مسلمة الستاذ المجریطی الاندلسی نے تحریر فرمایا۔ ہمارا دعوت صمدیہ کا عمل اسی کتاب سے ماخوذ ہے۔

دعوتِ صمدیہ کی عزیمت

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَ صَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا دَائِمًا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الْمُعَظَّمِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَامِ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ اَنْتَ اللهُ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ۔ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا مَنْ اَنْتَ الْاَبَدِيُّ الْاَبَدُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ يَا مَنْ رَّفَعَ السَّمَاءَ بِغَيْرِ عَمَدٍ وَّ بَسَطَ الْاَرْضِيْنَ عَلٰى مَاءٍ جَمَدٍ وَقَسَمَ الْاَرْزَاقَ وَلَمْ يَنْسِيْ اَحَدٍ يَا مَنْ لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اَنْ تَلْطُفَ بِيْ وَ تَنْظُرَ بِعَيْنِ اللُّطْفِ اِلَيَّ وَ تَصْرِفْنِيْ فِيْ جَمِيْعِ الْعَالَمِ الْعَلَوِيِّ وَالسِّفْلِيِّ وَ تُسَخِّرَلِيْ رُوْحَانِيَّةَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ بِسِرِّ الْمَسَاجِدِ الْمَهْجُوْرَةِ وَالْقُلُوْبِ الْمَكْسُوْرَةِ لِاَجْلِكَ وَالْبُيُوْتِ الْمَعْمُوْرَةِ بِذِكْرِكَ وَ بِسِرِّ قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ اِجِبْ يَا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ وَ اَنْتَ يَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَ اَنْتَ يَا عَبْدُ الصَّمَدِ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ عَلَيْكُمْ وَ جَلَالِهَا لَدَيْكُمْ وَ بِحَقِّ مَنْ اَنْزَلَهَا وَمَنْ نُّزِّلَ بِهَا وَ مَنْ اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ لِطَاعَتِهٖ وَ بِحَقِّ مَن قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ الوحا العجل الساعة اِفْعَلُوْا مَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ مِنْ كُلِّ نَوْعٍ بِحَقِّ مَنْ تَجَلّٰى لِلْجَبَلِ فَجَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا مِنْ نُوْرِ جَلَالِهٖ لِمُقْفَنْجَلٍ وَبِاَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

کسی کو اپنی محبت میں برانگیختہ کرنے کے لیے

ایک سفید کاغذ پر زعفران وگلاب کی روشائی سے خاتم کو لکھ کر اُس کے اِرد گرد اسماء تحریر کریں۔ اور پھر مطلوب کو دھو کر کسی مشروب میں ملا کر پلا دیں۔ اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو سکے تو مطلوب کے مستعمل پارچہ پر لکھیں اور چراغ میں خوشبودار روغن ڈال کر جلائیں اور سامنے بیٹھ کر اکیس مرتبہ دعوتِ صمدیہ تلاوت کریں، مطلوب دیوانہ وار حاضر ہوگا۔

کسی معقود کو کھولنے کے لیے

خاتم کو لکھ کر اس کے اِرد گرد اسماء تحریر کریں۔ معقود کی دونوں ہاتھوں کی تلیوں پر اور پھر لوبان کا بخور روشن کریں اور دعوتِ صمدیہ کو ایک مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر اُسے کہیں کہ وہ اپنی دونوں ہاتھوں کی تلیوں کو ایک دوسرے سے ملا دے۔ پھر کہیں جدا ہو جاؤ انگلیاں، جس وقت جدا ہو جائیں تو کہیں مل جاؤ انگلیاں ایک دوسری سے۔ جب مل جائیں تو کہیں جیسے ہتھیلیاں ایک دوسری سے ملی ہیں، اس طرح مل جاؤ تو معقود کھل جائے گا۔

چوری ظاہر کرنے کے لیے

ملزموں کو بٹھالیں اور ایک بچے کی ہتھیلی پر خاتم اور اسماء لکھیں اور ایک کاغذ پر بھی لکھیں اور کاغذ کو بچے کی پیشانی پر لگا دیں اور ہتھیلی پر اچھی قسم کا خوشبودار روغن لگا دیں اور اُس پر دعوتِ صمدیہ تلاوت کریں تو بچہ اپنی ہتھیلی میں چور کی تمام کیفیت مشاہدہ کرے گا۔

چور کو حیران کرنے کے لیے

ملزموں کے نام اُن کے کپڑوں پر خاتم اور اسماء کے ساتھ لکھیں اور انہیں سوراخ دار سرکنڈے میں رکھ کر لوبان اور صندل کا بخور روشن کریں اور دعوتِ صمدیہ ایک مرتبہ پڑھ کر دَم کریں اور پھر اس کو چکی کے پتھر کے نیچے رکھ دیں، چوری شدہ سامان اپنی جگہ واپس آجائے گا۔

نظروں سے مخفی ہونے کے لیے

خاتم کو معہ اسماء لکھ کر اسے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں اور دعوت کو پڑھتے رہیں۔

خدّام سے خدمت حاصل کرنا

خاتم لکھیں اور اس کے اِرد گرد اسماء اور نیچے ایک مرتبہ آیت الکرسی پھر اسے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ عمل سے پہلے جمعرات سے اتوار کی رات تک روزانہ دعوتِ صمدیہ سات مرتبہ ہر رکعت میں تلاوت کریں اور ہر دو رکعت کے بعد یہ دُعا ایک سو ایک مرتبہ تلاوت کریں۔ کل بارہ رکعت نماز نفل ادا کریں۔ **دعا یہ ہے:** "اَللّٰھُمَّ یَا وَاحِدُ یَا قُدُّوْسُ یَا رَحْمٰنُ یَا صَمَدُ سَخِّرْلِیْ عُبَیْدِكَ الْاَرْبَعَةَ عَبْدَالْوَاحِدُ وَ عَبْدُالْقُدُّوْسُ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنُ وَ عَبْدُ الصَّمَدُ وَاجْعَلْھُمْ لِیْ عَوْنًا عَلٰی مَا اُرِیْدُ مِنْھُمْ فَاِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" تو تمہارے پاس ایک مؤکل آئے گا اور تجھے اشارہ کرے گا، جب وہ اشارہ کرے تو اُسے کہیں کہ اپنا نام بتاؤ۔ پس اگر وہ کہے کہ میرا نام عبدالواحد ہے تو اُسے کہیں: اَھْلًا وَ سَھْلًا مَافَعَلَ اللّٰهُ بِاِخْوَاتِكَ یَا عبدالواحد۔ **ترجمہ:** میں تجھے خوش آمدید کہتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے تمہارے سے کیا کیا ہے۔ وہ کہے گا۔ سب حاضر ہیں۔ تو اُسے آپ کہیں۔ جاؤ ان کو بھی اپنے ساتھ لاؤ اور اگر وہ تجھے اپنا نام عبدالرحمٰن یا عبدالصمد بتائے تو اُن سے کلام نہ کریں۔ بلکہ دعا کو اور زیادہ تلاوت کریں۔ پس اگر حاضر ہو جائے تو اُس سے کہیں اللہ کا شکر ہے۔ تو وہ کہیں گے بتاؤ تمہاری حاجت کیا ہے تو آپ کہیں کہ میں دنیا میں ایمان کا ارادہ رکھتا ہوں اور آخرت پر تقویٰ کا، پھر ان سے عہدِ اطاعت لیں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی دریافت کر لیں۔

خدام کے بادشاہ کو حاضر کرنے کے لیے

خاتم لکھیں اور اِس کے اِرد گرد اور اسے اپنے پاس رکھیں۔ پھر روزانہ ایک ہزار مرتبہ دعوتِ صمدیہ کو عشاء کے بعد تلاوت کریں۔ ایک چلہ مکمل شرائط و آداب کے مطابق پورا کریں تو خدام کا بادشاہ حاضر ہوگا۔ جو جائز امور میں معاون ہوگا۔

ہمزاد کو حاضر کر کے اُس سے کام لینا

خاتم لکھیں اور اس کے اِرد گرد اسماء تحریر کریں۔ پھر اسے تانبے کے نئے برتن میں رکھیں اور برتن کو عشاء کے بعد خلوت کے گھر کے صحن میں رکھ کر ایک ہزار مرتبہ دعوت صمدیہ تلاوت کریں اور برتن پر دم کرتے رہیں۔ آپ دیکھیں کہ برتن سے کوئی چیز دھوئیں کی مانند بلند ہوتی ہوئی۔ پس جب ایسا ہو تو آپ کی جو بھی حاجت ہو کہیں ہمزاد فوراً وہ حاجت پوری کر دے گا۔

ظالم کو بے عقل کرنے کے لیے

ایک کاغذ پر خاتم اور اسماء تحریر کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ۔ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ۔ وَاَلْقَتْ مَافِیْهَا وَ تَخَلَّتْ۔ (پہلی چار آیات سورۃ الانشقاق) پھر یہ تحریر کریں۔

كَذَالِكَ الدَّمُ وَالْوَجْعُ الشَّدِیْدُ خُذُوْهَا بِكَلَامِ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِیْرًا كَلَّا اِنَّهَا لَظٰی نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰی تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَ تَوَلّٰی (یہاں اپنی حاجت کا نام لیں) خُذُوْهَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰی فَلَمَّا وَرَدَمَاءَ مَدْیَنَ وَجَدَ عَلَیْهِ اُمَّةً مِنَ النَّاسِ یَسْقُوْنَ كَذٰلِكَ یَسْقِیْ بَعْضَهَا بِدَمِهٖ بَعْضًا یَجْرِیْ كَجَرْیِ الْبَحْرِ الزَّاجِرِ بِقُدْرَةِ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ اَلَمْ تَرَی نَسُوْقُ الْمَاءَ مِنَ الْاَرْضِ یُصِبُّ فَوْقَهٗ مِنْ فَوْقٍ ۔ فَوْقِ رُؤُسِهِمُ الْحَمِیْمِ یُظْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْد كَذٰلِكَ یَسُوْقَ مِنْ رَاسِ كَذَا اِلٰی فَمِهَا اِلَی الْاَرْضِ كَمَا یَجْرِیْ هٰذَا لَمَاءُ عَلَی الْاَنْبُوْبَةِ بِقُدْرَةِ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اِضْرِبْهَا بِجَنَاحِكَ یَا اَحْمَرُ بِحَقِّ هَارِشٍ۔ مَهَارِشٍ ۔ نَكْشٍ ۔ مَاهٍ ۔ اِسْمُ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارُ اَجِبْ یَا اَحْمَرُ وَ اَفْعَلْ مَا اَمَرْتُكَ بِهٖ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْاٰیَاتِ وَیْلٌ لِّكُلِّ اَفَاكٍ اَثِیْمٍ تَسْمَعُ اٰیَاتِ اللّٰهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعَ كَاَنَّ فِیْ اُذُنَیْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ اَجِبْ یَا اَحْمَرُ وَاَحْرَقْ كذا بِحَقِّ الْاَذْنِیَاطِ وَ اَخْرُجْ دَمِ اَسْوَدَ مِثْلُ الْقَطْرَانِ مَنْتُنَ كَالْجِیْفَةِ العجل الساعة الوحا۔


اسے ریشم میں رکھ کر اوپر سے ریشم سرخ سے لپیٹ دیں اور اسے بند کر کے ایک مرتبہ دعوت صمدیہ پڑھ کر دم کر کے ندی کنارے دفن کر دیں۔ مقصد پورا ہوگا۔

خاتمہ صمدیہ اور اِرد گرد لکھنے والے اسماء یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



الله ۔ احد ۔ الله الصمد



عمل حاضری درویش

یہ حاضری کا ایک نایاب ترین عمل ہے اور خاص بزرگوں کی نوادات سے ہے۔

ترکیب عمل:

بسم اللہ اللہ اکبر۔ یامدار تیرے نام کی سار
کھول دے تا کی۔ دے دے دیدار
دھڑے آجا درویش۔ میرا کام کر ہمیشہ
جو نہ آئے تو دہائی ہے محمد کی لاکھ لاکھ
بحق یابدوح حاضر شو حاضر شو حاضر شو

اول وآخر درود پاک 11۔ 11 بار اس عمل کو 21 دن تک 1100 بار پڑھنا ہے۔ پرہیز جمالی رکھیں اور وہ جو شریعت میں ہے۔ اس عمل کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اس میں آپ کی نظر بھی کھل جائے گی۔ اس عمل کو چراغ سرسوں کے تیل کا جلائیں، پہلے بزرگ خواب میں نظر آئیں گے، بعد میں سامنے ظاہر ہو جائیں گے۔ اس عمل میں بخور صرف اگر بتی کافی ہے۔ عہد و پیمان لے لیں بعد میں اس سے جب بھی کام لیتے رہیں، سائل سے یا خود صدقہ کرتے رہیں، انشاء اللہ آپ کامیاب رہیں گے۔

عمل نمبر2 (نماز کن فیکون)

حاجتوں کے پورا ہونے کے لیے اور مشکلات کے رفع ہونے کے لیے یہ ایک خاص الخاص عمل ہے، جو سلاسل چشتیہ میں متواتر چلا آرہا ہے۔ جواہر خمسہ قدیم میں بھی اس کا ذکر ہے۔ یہ اگر صرف اسی ایک عمل پر بھی عمل کر لیں اور اللہ تاثیر پیدا کر دے تو دنیا جہاں کے تمام اعمال سے بے نیاز کر دے گا۔ دعا ہے کہ اللہ تمام لوگوں کو اس عظیم النفع عمل سے فائدہ نصیب فرماوے۔ آمین

بدھ کے دن رات کو غسل کر لیں اور پھر وضو کر لیں، خوشبو وغیرہ لگائیں اور دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھیں۔ اول رکعت سورۃ فاتحہ ایک بار، قل ھو اللہ شریف 125 بار۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ 100 بار، قل ھو اللہ شریف 1 بار پڑھیں۔ توجہ اور یکسوئی سے پڑھیں اور پھر 100 بار یہ الفاظ دہرائیں:

اے دشواریوں کے آسان کرنے والے اور اے تاریکیوں کے روشن کرنے والے پھر 100 بار استغفار پڑھیں اور پھر درود پاک عاجزی کے ساتھ 100 بار پڑھیں اور پھر حضور دل سے بارگاہِ خداوندی میں دعا کریں۔

تیسری رات سر برہنہ ہو کر داہنی آستین نکال کر گردن میں ڈالے اور بارگاہِ خداوندی میں 50 بار اپنی مشکلات کے بارے میں دعا کرے۔ خواتین دوپٹہ سر پر رکھ کر ہی دعا کریں، دعا قبول ہو گی اور بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو جائے گی۔ جب مشکل ختم ہو جائے تو پھر دو نفل شکرانے کے ادا کریں۔

عمل حب خاص الخاص

سورۃ مزمل شریف ہر کام کے لیے مجرب ہے۔ حُب کے معاملات میں خاص تاثیر کی حامل ہے۔ عروجِ ماہ میں جمعرات کے دن چورستے سے 41 کنکر لے لیں اور ان کو ایک پیالہ میں رکھ لیں۔ رات کو باوضو ہو کر ہر کنکری پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھیں اور یہ کلمات ہیں۔

یا خدام ھذہ السورۃ الشریفہ بجلب قلب فلاں بن فلاں العشق والمحبۃ فلاں بن فلاں دائماً ابداً

